(LITTLE ANGELS' SCHOOL)
Main Sher Shah Road Shad Bagh Lahore.
Ph # 36262432, 37371330

پریپ

محترم والدین!

۱۔ آپ کرونا وائرس کے باعث ملکی موجودہ صورتحال سے بخوبی آگاہ ہیں ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے وقت کا تقاضا یہی ہے کہ طلباء گھر میں رہیں اور اپنی تعلیم کو جاری رکھیں کیونکہ صحت ہم سب کی اولین ترجیح ہے۔ اپنے اور اپنے خاندان کی حفاظت کے لیے تمام حفاظتی تدابیر اختیار کریں۔

۲۔ ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے **لیس(LAS)** نے بچوں کی تعلیم جاری رکھنے کے لیے پیشگی چھٹیوں کا کام آن لائن دینے کی سہولت کا بندوبست کیا ہے تاکہ طلباء کی پڑھائی کے نقصان کی تلافی کی جا سکے۔

۳۔ **پریپ کلاس** کا کام فرسٹ ٹرم کی ورک بک پر کیا جائیگا (جو پہلے ہی فراہم کی جا چکی ہے) اور فرسٹ ٹرم کے سلیبس کے مطابق یاد کرنا ہوگا۔

۴۔ آخر میں تمام والدین اور طلباء سے التماس ہے کہ اپنی صحت کا خیال رکھیں ایسی اشیاء کو اپنی خوراک میں شامل کریں جو آپکی قوت مدافعت بڑھائیں۔ بوقت ضرورت گھر سے باہر نکلتے ہوئے ماسک کا استعمال کریں۔ ہاتھوں کو اچھی طرح بار بار دھوئیں اور پانچ وقت کی نماز قائم کریں۔ اللہ عزوجل ہم سب کو اور ہمارے ملک کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔

آمین

لیس انتظامیہ